سوال

(268) غیر اخلاقی کال کی کمائی؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ ہمارے P.C.O پر آکر اپنی سہیلیوں کو فون کرتے ہیں یا کسی کو دھمکی آمیز کال کرتے ہیں۔ ہمیں اس کا بعض دفعہ پیشگی علم بھی ہوتا ہے۔ کیا ایسی کمائی حلال ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ اپنے کال پوائنٹ پر کسی کو ایسا فون کرنے کی اجازت نہ دیں بلکہ اگر ممانعت کا نوٹس لگا دیا جائے تو کوئی حرج نہیں۔ اگر کسی کے بارے میں آپ جانتے ہیں کہ وہ غیر اخلاقی فون کرتا ہے تو آپ اپنے P.C.O پر ایسا کرنے کی ہرگز اجازت نہ دیں۔ جانتے بوجھتے بھی ایسا کرنا گناہ کے ساتھ تعاون ہے جبکہ گناہ پر کسی سے تعاون کرنا جائز نہیں۔ جیسا کہ قرآن میں وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ (المائدہ: 5/2) کے الفاظ آئے ہیں۔ لیکن اگر آپ کو اس کا علم نہیں تو اس صورت میں آپ قصوروار نہیں ہوں گے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ افکارِ اسلامی

خرید و فروخت اور حلال و حرام کے مسائل، صفحہ: 566

محدث فتویٰ